اس کتاب کا چھٹا رسالہ ''حج اکبر کی حیثیت'' کے عنوان سے تین چار اوراق پر مشتمل ہے، جس میں حج اکبر کی حقیقت اور حج جمعہ کو ''حج اکبر'' کہنے کی عوامی ذہنیت کی تردید کی گئی ہے۔ ''سفر حج میں نماز کی اہمیت'' کے عنوان سے ساتویں رسالے میں سفر حج کے دوران نماز جیسے اہم فریضے میں کوتاہی پر تنبیہ اور مختصر انداز میں نماز کی اہمیت کے متعلق مفید باتیں جمع کی گئی ہیں۔ اس کتاب کا آخری اور آٹھواں رسالہ ''عجوہ کھجور'' کے خصائص وفضائل کے بیان میں ہے، بارہ صفحات کے اس مختصر رسالے میں عجوہ کھجور کی فضیلت، اس کی خصوصیت، زہر وسحر سے حفاظت اور دیگر کئی امراض سے شفا یابی کا بیان ہے۔ اس مجموعے میں شامل ہر ایک رسالہ اپنے موضوع پر کافی حد تک معلومات فراہم کرنے والا ہے، حج وعمرہ کرنے والے حضرات کے لئے اس میں مسائل کے علاوہ دوسری مفید معلومات بھی موجود ہیں، امید ہے کہ زائرینِ حرم اس کتاب سے ضرور استفادہ کریں گے۔

البتہ رسائل کے یکجا شائع ہونے کی وجہ سے کتاب میں بعض چیزیں مکرر بھی آگئیں ہیں، مثلاً: ''مقامات اجابتِ دعا'' کی مکمل فہرست رسالہ ''حجر اسود'' میں عمدۃ الفقہ وغیرہ سے منقول ہے، اور پھر یہی فہرست مقام ابراہیم، ملتزم اور رکن یمانی میں بھی نقل کی گئی ہے، جب کہ ایک رسالے میں تذکرہ کرنے کے بعد باقی رسائل میں اشارہ کردینا ہی کافی تھا، اسی طرح بعض جگہ احادیث وعبارات پر بجائے ''واوین'' کے قوسیں یا ڈبل قوسیں لگادیئے گئے ہیں۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشنوں میں ان امور کی درستگی کو ملحوظ رکھا جائے گا۔ کتاب کی جلد بندی مضبوط اور طباعت واشاعت معیاری ہے۔

اَرمغانِ مدینہ

(حضرت سید نفیس شاہ مدظلہ)

مَست بادل سَرِ کُہسار نظر آتے ہیں — فضلِ باری سے گرانبار نظر آتے ہیں
یہ جو صحرا، گل و گلزار نظر آتے ہیں — تیری رحمت ہی کے آثار نظر آتے ہیں
رشکِ صد یوسفِ کنعاں ہے مدینے کا نگار — دو جہاں طالبِ دیدار نظر آتے ہیں
تاج ہے ختمِ نبوت کا سرِ اقدس پر — گرد انوار ہی انوار نظر آتے ہیں
آج حسرت کی ہے تصویر قبا کی مسجد — سُونے سُونے دَر و دیوار نظر آتے ہیں
ان سیہ فام فقیروں کو حقارت سے نہ دیکھ — مجھ کو یہ صاحبِ اَسرار نظر آتے ہیں
رِند تو رِند ہیں زمزم کی صَبُوحی پی کر — زاہدِ خشک بھی سرشار نظر آتے ہیں
حلق ناموسِ محمد پہ کٹانے والے — کچھ جو ہیں تو یہی احرار نظر آتے ہیں
جذبِ کامل ہو تو ملتا ہے حضوری کا شرف — چشمِ ظاہر سے بھی سرکار نظر آتے ہیں
بختِ بیدار مبارک ہو انہیں، جن کو نفیس — خواب میں سیدِ ابرار نظر آتے ہیں